Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | منگل، 7 مئی 2024ء، 28 شوال المکرم 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 53

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا پاکستان آنے والے سعودی تجارتی وفد کا خیر مقدم

سعودی عرب سے تاریخی رشتہ معاشی تعلقات میں تبدیل ہو رہا، سعودی اور پاکستانی سرمایہ کاروں کے درمیان براہ راست ایگریمنٹ خوش آئند امر ہے، سعودی تجارتی وفد کا خیر مقدم

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب میں تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنروں سے خطاب کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان آنے والے سعودی تجارتی وفد کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے پاک سعودی الومنسٹک کانفرنس کی کامیابی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب سے تاریخی رشتہ معاشی تعلقات میں تبدیل ہو رہا ہے، پاکستان آنے والے سعودی سرمایہ کاروں کو مکمل کی فیصلہ کیا جائے گا، اس پر ابھی حتمی فیصلہ نہیں ہوا، کاٹ پیپر کے ذریعے گندم کی فروخت کی پالیسی ہے لیکن اس بار تاخیر (بقیہ نمبر 22)

پنجاب حکومت گندم خریدے گی لیکن کتنی، ابھی فیصلہ نہیں ہوا' عظمیٰ بخاری

بیج کے ذریعے رجسٹرڈ ہونے والے 4 لاکھ میں سے 1 لاکھ 20 ہزار کسانوں کو شارٹ لسٹ کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کسانوں سے گندم خریدے گی، لیکن حتمی گندم خریدی جائے گی، اس پر ابھی حتمی فیصلہ نہیں ہوا، کاٹ پیپر کے ذریعے گندم کی فروخت کی پالیسی کرنے والے 4 لاکھ کسانوں میں سے 1 لاکھ 20 ہزار کو شارٹ لسٹ کر لیا گیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کسانوں سے گندم خریدنے کی پالیسی کو روایتی طور پر بھی حکومت گندم خریدی میں غیر فنی ہے لیکن اس بار تاخیر (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں غیر قانونی بلڈ بنکس کو بند کرنے کا فیصلہ

انسانیت کے دشمن عطائیوں کے خلاف جہاد شروع کر دیا گیا' وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے مطابق ہوگی میں سی ای او اور ایم ایس کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ کانفرنس میں سیکرٹری صحت علی جان خان، سپیشل سیکرٹریز محمد اقبال اور محمد (بقیہ نمبر 25)

ایف بی آر کا ٹیلی کام آپریٹرز کو طلب کرنے کا فیصلہ

بی ٹی اے موبائل فونز کے سم کارڈ بلاک یا کھول نہیں سکتا، یہ کام ٹیلی کام آپریٹرز کریں گے' ذرائع

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹان کو بیلنس کارڈز بنا کے فیصلہ کیا ہے جس میں فائکرز کی سمز بلاک کرنے کیلئے (بقیہ نمبر 24)

پاکستان کے اصلاحاتی ایجنڈے کی حمایت کا اعلان

ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر کی وفاقی وزیر احد چیمہ سے ملاقات، پاکستان میں معاشی استحکام کے لیے سخت اقدامات کی تعریف

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے صدر ماساتوگو اسکاوا نے پاکستان کے اصلاحاتی ایجنڈے کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ وزیر مملکت برائے خزانہ (ڈی) نے بتایا گیا کہ صدر ایشیائی ترقیاتی بینک (بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو جاژن گیٹنگ سے برآمد ہونے والی نشہ آور اشیاء کے متعلق بتایا جا رہا ہے

30 سے 35 سعودی کمپنیوں کے نمائندے سرمایہ کاری کے لئے بات چیت کر رہے ہیں' مصدق ملک

سعودی تاجروں کی پاکستان کی معیشت میں گہری دلچسپی

پہلے حکومت سے حکومت کے سطح پر معاہدے ہوئے، اب برٹس ٹو برٹس معاہدے ہوں گے، پاکستان کا کاروباری وفد بھی سعودی عرب کا دورہ کرے گا، سعودی سرمایہ کاری سے نوجوانوں کو روزگار اور اپنے کاروبار شروع کرنے کے مواقع میسر آئیں گے

حکومت نے ملک سے سرخ فیتے کے کلچر کے خاتمے کا تہیہ کر رکھا ہے، ہم مدد یہیں تجارت اور کاروبار چاہتے ہیں، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اعتماد کا رشتہ ہے، حکومت بیرونی سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرے گی، جمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم و قومی پرتن پاک سعودی شراکت داری ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ 30 سے 35 سعودی کمپنیوں کے نمائندے پاکستان میں توانائی، ریاضیات، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے لئے بات چیت کر رہے ہیں، پہلے حکومت سے حکومت کی سطح پر معاہدے ہوئے، اب برٹس ٹو برٹس معاہدے ہوں گے، پاکستان کا کاروباری وفد بھی سعودی عرب کا دورہ (بقیہ نمبر 8)

سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا آئندہ ہفتے دورہ پاکستان متوقع

دورے کے حوالے سے تاریخوں کو حتمی شکل دینے پر کام جاری ہے، دورہ آئندہ ہفتے کے آخر دنوں میں متوقع ہے

یہ سعودی ولی عہد کا 2019 کے بعد سے پاکستان کا پہلا دو طرفہ دورہ ہوگا، وزیراعظم نے دیگر مصروفیات ترک کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) سعودی ولی عہد وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کا آئندہ ہفتے دورہ پاکستان متوقع ہے۔ سفارتی ذرائع نے بتایا کہ دورے کے حوالے سے تاریخوں کو حتمی شکل دینے پر کام جاری ہے، دورہ آئندہ ہفتے کے آخر دنوں میں متوقع ہے۔ ذرائع نے کہا کہ یہ سعودی ولی عہد کا 2019 کے بعد سے پاکستان کا پہلا دو طرفہ دورہ ہوگا، وزیراعظم نے اپنی دیگر مصروفیات نے ترک (بقیہ نمبر 9)

وزیر اطلاعات وڈ اسپورٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سندھ شرجیل میمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بہترین معاشی پالیسیوں سے ملک میں استحکام آیا، محمد اورنگزیب

پاکستان کی افرادی قوت مختلف ممالک کی ترقی میں کردار ادا کر رہی ہے، کوآرڈینیٹر خصوصی سرمایہ کاری لیفٹیننٹ جنرل سرفراز احمد

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تاریخی برادرانہ تعلقات ہیں، ہمیں مل کر آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، ڈاکٹر مصدق ملک کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ بہترین معاشی پالیسیوں کی وجہ سے ملک میں استحکام آیا ہے، پاکستان اب عمل درآمد کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، ہمیں اس مقصد کیلئے اپنے ٹیکس میں کو وسیع کرنے ہوں گے، اپنی معاشی قوانین کے مسئلوں کو حل کرنے ہوں گے، حکومت کا کام بزنس کرنا نہیں، ہم نجکاری کا ایجنڈا تیزی سے مکمل کریں گے۔ ورکر یہاں تقریب سے (بقیہ نمبر 30)

پرویز الٰہی کا گھر سب جیل قرار، جیل سے منتقل کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کو ہسپتال منتقل کرنے کا حکم کر دیا ہے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے پرویز الٰہی (بقیہ نمبر 27)

ورچل ویمن پولیس سٹیشن "میری آواز، مریم نواز" کی مقبولیت میں اضافہ

خواتین اپنے مسائل کے حل کیلئے ورچل ویمن پولیس سٹیشن سے رہنمائی لینے میں مصروف ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کے پہلے ورچل ویمن پولیس سٹیشن "میری آواز، مریم نواز" کی مقبولیت میں اضافہ ہو گیا۔ خواتین کو تحفظ میں اضافہ ہونے لگا۔ ترجمان سیف سٹیزن اتھارٹی نے بتایا کہ خواتین اپنے مسائل کے حل کیلئے ورچل ویمن پولیس سٹیشن سے رہنمائی لینے میں مصروف ہیں۔ ورچل ویمن پولیس سٹیشن سے گزشتہ 10 روز میں 200 ہزار سے زائد کیسز میں (بقیہ نمبر 26)

فصل کی باقیات کو آگ لگانے پر سخت پابندی ہوگی' مریم اورنگزیب

فصل کی باقیات تلف کرنے کیلئے کسانوں کو 5 ہزار سپر سیڈر اور 2 ہزار رائس سپر شریڈر کی فراہمی کے عمل کا آغاز ہو گیا

بغیر آگ لگائے فصلوں کی باقیات تلف کرنے، چاول کاشت کرنیوالی زرعی مشینوں کی فراہمی پر 60 فیصد سبسڈی دی جائیگی

لاہور (این این آئی) صوبہ پنجاب میں کھیتوں میں سوکھی فصل کی باقیات کو آگ لگانے پر سخت اور عمل پابندی ہوگی، صوبائی حکومت نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں موسمی تبدیلیوں کو بہتر بنانے کے میگا پروگرام پر سخت ترین عمل درآمد کا آغاز کر دیا ہے، اس حوالے سے کسانوں کو فصل کی باقیات تلف کرنے کیلئے کسانوں کو 5 ہزار سپر سیڈر اور 2 ہزار رائس سپر شریڈر کی فراہمی کے عمل کا آغاز کیا گیا ہے، بغیر آگ لگائے فصلوں کی باقیات تلف کرنے اور چاول کاشت کرنے والی زرعی مشینوں (بقیہ نمبر 36)

ڈائریکٹر لاہور سفاری زو غلام رسول کو اوایس ڈی بنا دیا گیا

خنوبر احمد جنجوعہ کو لاہور سفاری زو کے ڈائریکٹر کی اضافی ذمہ داری سونپ دی گئی

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر لاہور سفاری زو غلام رسول کو اوایس ڈی بنا دیا گیا۔ حکام کے مطابق انتظامی امور میں خامیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سفاری پارک کی بہتری کے لئے سابق ڈی جی (بقیہ نمبر 40)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ پیپلز پارٹی وسے اتھارٹی اور سندھ رینجرز اینڈ سرمز ڈپارٹمنٹ کے مشترکہ آپریشن کی صدارت کر رہے ہیں

موٹروے ایم ٹائن پر ٹرالر اور وین میں تصادم، 6 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والوں میں 3 مسافر بچے اور 14 زخمی ہوئے ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، مزید تحقیقات جاری ہیں، مزید کیا کہا کہ تمام زخمیوں (بقیہ نمبر 33)

پھکی اور دودھ سے جاں بحق خاتون چاروں بچیوں سمیت سپرد خاک

گھر کے سربراہ مظہر کی رپورٹ پر پٹھارا عبدالوہاب کو گرفتار کر لیا گیا

سرگودھا (این این آئی) پھاری پھکی اور دودھ سے جاں بحق خاتون چاروں بچیوں کو سپرد خاک کر دیا گیا۔ پولیس نے پتھا کو گرفتار کر کے گھر کے سربراہ کو (بقیہ نمبر 31)

پاکستان کو اہم عالمی شراکت دار کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں

سعودی حکومت اور کمپنیاں پاکستان کو کاروبار کے لیے مجتمع ہے، ابراہیم المبارک

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کے نائب وزیر سرمایہ کاری ابراہیم المبارک نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کا بڑا اسٹریٹیجک پارٹنر ہے، ہم پاکستان کو اپنے اہم بین الاقوامی شراکت داروں میں سے ایک کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ 2 روزہ (بقیہ نمبر 32)

وقاص اکرم چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کیلئے نامزد

عمر ایوب کی سربراہی میں 19 رکنی کمیٹی میں سے 9 نے شیخ وقاص کو، 7 نے افضل مروت کو ووٹ دیا

یہ میرے خلاف پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ کی سازش ہے، شیر افضل مروت کا موقف، تنازعہ شدت اختیار

پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کی جانب سے شیر افضل خان مروت کے چیلنج وقاص اکرم کو کمیٹی کا چیئرمین بنانے کیلئے ووٹ دینے پر جماعت کے اہل عہدیداران کے درمیان اختلافات کو اجاگر کر دیا ہے۔ پی ٹی وی کے مطابق پارٹی کے (بقیہ نمبر 34)

مریم نواز کی کارکردگی کے ہر طرف چرچے ہو رہے ہیں' عظمیٰ بخاری

جن سے اپنا صوبہ نہیں چلایا جا رہا وہ پنجاب کی کارکردگی سے حسد کر رہے ہیں' عظمیٰ بخاری

برقعہ پوش خاتون کو 74 کروڑ روپے کے تحائف چوری کرنے کا مرتکب قرار دیا گیا ہے' وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جن سے اپنا صوبہ نہیں چلایا جا رہا وہ پنجاب کی کارکردگی سے حسد کر رہے ہیں، برقعہ پوش خاتون کو 74 کروڑ روپے کے تحائف چوری کرنے کا مرتکب قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے پیر شریف کے جان پور پورٹس پر پیرون ملک جانے والوں کے لیے سہولتوں کا جائزہ لیا۔ وزیر اسے لیے سہولتوں پر اظہار عدم اطمینان کیا اور مسافروں کی آسانی کے لیے سہولتیں (بقیہ نمبر 3)

محسن نقوی اور خواجہ آصف کا سیالکوٹ ایئرپورٹ کا دورہ

وزراء کا سیالکوٹ ایئرپورٹ پر پیرون ملک جانے والوں کے لیے سہولتوں پر اظہار عدم اطمینان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر ایوی ایشن و دفاع خواجہ آصف نے سیالکوٹ ایئرپورٹ کا دورہ کر کے سیالکوٹ ایئرپورٹ پر آمد و روانگی ٹرمینلز پر مسافروں کے لیے سہولتوں کا جائزہ لیا۔ وزراء نے سیالکوٹ ایئرپورٹ پر پیرون ملک جانے والوں کے لیے سہولتوں پر اظہار عدم اطمینان کیا اور مسافروں کی آسانی کے لیے سہولتیں (بقیہ نمبر 3)

گندم کاٹنے والی خانہ بدوش 15 سالہ دوشیزہ کو قتل

پولیس نے مقتولہ کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی

کروڑ (این این آئی) دیہہ دھنی پور موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے فائرنگ کر کے گندم کاٹنے والی خانہ بدوش 15 سالہ دوشیزہ کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس نے مقتولہ کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا رینگن کے علاقہ داؤد خیل (بقیہ نمبر 5)

سنی اتحاد کونسل کی خصوصی نشستیں دوسری سیاسی جماعتوں کو دینے کا فیصلہ معطل

وفاقی حکومت اور خواتین ارکان اسمبلی دونوں نے لارجر بینچ تشکیل دینے کی استدعا کی

اسلام آباد (سی ایم ایس) سپریم کورٹ نے سنی اتحاد کونسل کی خصوصی نشستیں دیگر سیاسی جماعتوں کو دینے کا فیصلہ معطل کر دیا۔ سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے (بقیہ نمبر 47)

چیف الیکشن کمشنر کی تقرری کیخلاف درخواست کے قابل سماعت ہونے پر دلائل طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی تقرری کیخلاف درخواست قابل سماعت ہونے پر دلائل طلب کر لیے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے ایڈووکیٹ طالب حسین ممکن کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ چیف الیکشن کمشنر کی تقرری بغیر کسی اشتہار کے ہوئی تھی، یہ تقرری سیاسی بنیادوں پر ہوئی، عدالت سے استدعا ہے (بقیہ نمبر 4)

ٹریلر اور وین میں تصادم، 3 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

حیدرآباد (اے ایف پی) موٹروے ایم ٹائن کے قریب ٹریلر اور وین میں تصادم کے نتیجے میں 3 افراد موقعہ اجل بن گئے جبکہ متعدد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثہ کے نتیجے میں مرنے والوں کی لاشوں اور زخمیوں کو ایل ایم ایو ہسپتال جامشورو منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مسافر بس کراچی سے حیدرآباد جا رہی تھی کہ اچانک خوفناک حادثے کا شکار ہو گئی۔ دوسری جانب کوٹلی بلال کالونی میں گھر کے باہر بیٹھے دو افراد کو کنٹرول نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ مقتولین کی شناخت عوض علی اور امتیاز کے نام سے ہوئی، مولسرا نیکل سوار ملزمان نے فائرنگ کی اور فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق مقتولین بلال کالونی کے ہی رہائشی ہیں۔

ایک خاتون بادامی باغ سبزی منڈی سے خریداری کرتے جا رہی ہے

نان، روٹی کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن واپس لینے کی تردید

عدالتی حکم کے بعد روٹی کا وزن 120 گرام کی بجائے 100 گرام ہوگا

اسلام آباد (انٹرنیوز) ضلعی انتظامیہ اسلام آباد نے نان اور روٹی کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن واپس لینے کی تردید کر دی۔ گلی ٹی وی کے مطابق وفاقی (بقیہ نمبر 8)



وفاقی وزیر صوبہ بندی و ترقی حسن اقبال سپورٹس کمپیئر ہال میں امن اور ترقی کے موضوع پر کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

حراستی مرکز میں قید شہریوں کے تفصیلات دوبارہ طلب

اپنی مرضی سے کون لاپتا ہوتا ہے؟ لاپتہ افراد کی بازیابی کی تحقیقات کا نتیجہ صفر ہے، عدالت

کراچی (انٹرنیوز) سندھ ہائیکورٹ نے لاپتہ افراد کی عدم بازیابی کیس میں سیکرٹری دفاع دیگر سے ملک کے حراستی مراکز میں قید شہریوں کی تفصیلات دوبارہ طلب (بقیہ نمبر 37)

مختلف شہروں میں گرمی زور پکڑنے لگی، ہیٹ ویو کا خدشہ

محکمہ موسمیات کی شہریوں کو دوپہر کے اوقات میں باہر کم نکلنے کی ہدایت

لاہور (اے ایف پی) پنجاب اور سندھ کے مختلف شہروں میں گرمی زور پکڑنے لگی، ماہر محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 24 جبکہ زیادہ سے زیادہ 41 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے (بقیہ نمبر 39)

مریم نواز کی کارکردگی کے ہر طرف چرچے ہو رہے ہیں' عظمیٰ بخاری

نانکوائری کمیشن کو کچھ نہیں ملے گا' محسن نقوی

پنجاب میں گندم کے معاملے پر

میرے خلاف انکوائری کی خواہش رکھنے والوں کو مایوسی ہوگی، گندم درآمد کا فیصلہ وفاقی حکومت کرتی ہے

وفاقی حکومت کی بھی کوئی بدنیتی نہیں، چھلی سطح پر اگر کسی نے کوئی چیز کی ہے تو وہ چیز بھی کلیئر ہو کر معاملے کے حقائق منظر سامنے آنے چاہئیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پنجاب میں گندم کے معاملے پر انکوائری کمیشن کو کچھ نہیں ملے گا، میرے خلاف کسی انکوائری کی خواہش رکھنے والوں کو مایوسی ہوگی، محسن نقوی نے کہا کہ فیصلہ وفاقی حکومت کرتی ہے، پنجاب حکومت گندم کسانوں سے خریدتی ہے، باہر ممالک سے نہیں، اس لیے حکومت پنجاب کا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں ہے، یہ نہ تھا، وفاقی حکومت کی بھی کوئی بدنیتی نہیں ہے، چھلی سطح پر اگر کسی نے کوئی چیز کی ہے تو وہ چیز بھی کلیئر ہو کر سامنے آجائے گی، یا ہو سکتا ہے مافیا کے خلاف اقدامات کیے جا رہے ہیں، جس نے بھی کچھ کیا ہے وہ سامنے آجائے گا، پیچھے نہیں ہوں گے (بقیہ نمبر 5)

خواتین وکلاء محاذ برائے سیاسی انتقام کے زیر اہتمام وکلاء کنونشن میں شریک ہیں

تھانہ پیز و پرات گئے حملہ ناکام، جوابی کارروائی میں دہشتگرد فرار

حوصلے بلند ہیں، خیبر پختونخوا پولیس ہر طرح کے حالات کیلئے ہمہ وقت تیار ہے

گلی مروت (اے ایف پی) گلی مروت میں پولیس نے تھانے پر دہشتگردوں کے حملے کی کوشش ناکام بنا دی۔ خیبر پختونخوا کے ضلع گلی مروت میں پولیس نے پر وقت کارروائی کرتے ہوئے رات گئے تھانہ پیز و پرات کو دو اطراف سے گھیرے دہشت گردوں کے حملے کا ناکام بنا دیا۔ حکام نے بتایا کہ پولیس کی بھرپور جوابی کارروائی کے بعد حملہ آور فرار ہو گئے۔

پوزیشن اتحاد کیساتھ ملکر جعلی سرکار کو زمین بوس کرینگے، پیر سیف

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات پیر سیف محمد علی سیف نے کہا ہے کہ سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے جعلی فارم 47 پر مہر تصدیق لگا دی۔ ایک بیان میں پیر سیف نے کہا کہ گورنر خیبر پختونخوا نے عہدے پر عوام کا مستردشدہ شخص تھما دیا گیا، جعلی فارم 47 سرکار مسترد افراد کو نواز رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ چیئرمین سے پی ٹی آئی کا سینیٹ واپس لینا اپنے فرض بن چکا، اپوزیشن اتحاد کے ساتھ مل کر پی ٹی آئی جعلی سرکار کو زمین بوس کرے گی۔ (بقیہ نمبر 6)

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں یوم آئیسس کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شگفتہ نازاور ڈین سفوڈس کو سوینئر دے رہی ہیں

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
بانی: عبدالصمد خان شہید، ایڈیٹر: محمد ناظم الدین

اشاعت خاص

کمشن رائے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر

بے نظیر سپورٹ پروگرام
ای واؤچر کی
تاریخ ساز تقریب کا آنکھوں دیکھا حال



تحریر۔ محمد ناظم الدین

PPIF کا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا مستفید ہونے والے شادی شدہ جوڑوں کیلئے خوشخبری

پی پی آئی ایف اور پی ڈبلیوڈی کا ہراول دستہ دن رات خدمات میں مصروف

پی پی آئی ایف اور پی ڈبلیوڈی کی فراہم کردہ خدمات سے تولیدی صحت اور کنٹراسیپٹیو ادویات کے استعمال میں اضافہ

غریب اور کم ترقی یافتہ طبقہ کو خاندانی منصوبہ بندی کی اہمیت وافادیت بارے آگاہی کی فراہمی وقت کا اہم تقاضا

بے نظیر سپورٹ پروگرام/ای واؤچر کی تاریخ ساز افتتاحی تقریب کا انعقاد مقامی ہوٹل کے ہال میں ہوا۔ PPIF نے تمام شراکت دار تنظیموں کو اس عظیم الشان تقریب میں سرکاری گھنے کے معزز مہمانوں کے ساتھ مدعو کیا تاکہ وہ عظیم سفر کا آغاز نیک کلمات سے کریں۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ آمنہ اکشید جنرل منیجر گرانٹس نے تمام شرکاء کا خیر مقدم کیا جبکہ سلمان اعجاز سکریٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے خوش آمدید نوٹ پیش کیا۔

سلمان اعجاز سکریٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، پنجاب نے پی آئی ایس ایل پی سے مستفید ہونے والوں کے لیے ایف پی ای واؤچر کے اجراء پر تمام شرکاء کا باضابطہ خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ، ہم ضروری صحت کی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی کو بڑھانے اور ہمارے معاشرے کے سب سے زیادہ کمزور افراد میں تولیدی صحت کے حقوق کو فروغ دینے کے لیے اپنی اجتماعی کوششوں میں ایک اہم قدم آگے بڑھانے کا جشن منانے کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں۔ کہ پنجاب ملک کی کل آبادی کا نصف سے زیادہ آباد کرتا ہے اور اس میں نوجوانوں کی سب سے زیادہ تعداد ہے۔ 2.4 فیصد کی نمایاں طور پر بلند شرح نموکی وجہ سے، تقریباً چار سے پانچ ملین بچے سالانہ آبادی میں شامل ہو رہے ہیں۔ کواس کے لیے پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ (PPIF) فیملی پلاننگ کی معلومات اور خدمات کی فراہمی کے لیے اختراعی اور شواہد پر مبنی مداخلتوں کو نافذ کر رہا ہے۔ ان مداخلتوں کا مقصد ان رکاوٹوں پر قابو پانا ہے جو حکومت صارفین اور فراہم کنندگان دونوں کے درمیان غیر پوری ضروریات میں حصہ ڈالتے ہیں۔ انہوں نے اپنے نوٹ کا اختتام اس پروگرام کے حتمی اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے کیا جو کہ ایک اہم ہوگا۔ مانع حمل ادویات کے استعمال میں اضافہ۔ موجودہ رجحان کو پیچھے چھوڑتے ہوئے۔ مرد خواتین کی کل تعداد 81 113 آگے بڑھ رہی ہے۔

ڈاکٹر اعجاز نبی، پی پی آئی ایف بورڈ کے چیئرمین کو پی پی آئی ایف کے سٹرٹی ایک تصویر شیئر کرنے کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔

ڈاکٹر اعجاز نبی نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فیملی پلاننگ کی اہمیت پر بات کی۔

پاکستان میں مجموعی طور پر اور خاص طور پر صوبہ پنجاب میں۔ خاندان کے بڑے سائز کی وجہ سے، تمام آمدنی اخراجات پر خرچ ہو جاتی ہے اور خاندانوں کے پاس اپنے بچوں کی صحت اور تعلیم پر توجہ دینے کے لیے کوئی بچت نہیں ہوتی۔ لہذا، یہ ملک کی مجموعی معیشت کے ساتھ ساتھ خاندان کی خوشحالی کو بھی متاثر کر رہا ہے۔ لہٰذا خاندانی منصوبہ بندی پنجاب کے لیے ایک ضروری چیز اور وقت کی ضرورت ہے، خاص طور پر غریب اور کم ترقی یافتہ طبقہ۔ انہیں خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں تعلیم دینا اور عوام کو صوبے کے ہر گوشے میں اس کی خدمات حاصل کرنے کے قابل بنانا ضروری ہے جو صبر کے لیے قابل رسائی ہے۔

پی آئی ایس پی ای واؤچر فیملی پلاننگ پروگرام محترمہ آمنہ اشیڈ، جنرل منیجر گرانٹ پی پی آئی ایف بارے ایک پاور پوائنٹ پریزنٹیشن پیش کی کہ "پنجاب میں پی آئی ایس پی مستفید افراد کے لیے فیملی پلاننگ ای واؤچر " کیا ہے اور پی آئی ایس پی پائلٹ پروگرام کی جھلکیاں پیش کیں۔ اس کی اہم کامیابیوں پر زور دیا کہ اس سے قبل ادائیگی میں آسانی ایک اہم اشارے کے طور پر پائی جاتی تھی اس لیے عوام تک رقوم کی منتقلی ایک آسان عمل ہونا چاہیے۔ ای واؤچر اس کی خدمت کرتا ہے۔ مقصد اور اس سے فنڈز کا موثر بہاؤ لانا سمجھا جاتا ہے اور استفادہ کنندگان کو نقد رقم کی منتقلی تاکہ وہ فائدہ اٹھا سکیں۔ خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات۔ ای واؤچر پروگرام کی خاصیت یہ ہے کہ یہ مانع حمل خدمات کی نقل وحمل کے اخراجات کو بھی پورا کرتا ہے اور اس کیڈر میں استفادہ کنندگان کو بھی ایک حصہ فراہم کرتا ہے لہذا خاندانی منصوبہ بندی کے مقامات پر سفر کرنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات حاصل کرنا۔ اس نے اس بات پر زور دیا کہ پہلے کے پروگراموں میں کلائنٹس کے لیے فالو اپ شامل نہیں تھا اور اس لیے کلائنٹس کا ایک بڑا حصہ ایک بار ایف پی سروسز حاصل کرنے کے بعد لیک ہو گیا لیکن ای واؤچر کے ساتھ ساتھ مفت سروس کے مطابق ہوں۔ ملک میں خواص کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ اس لیے کسی بھی حکومتی منصوبے کے لیے منیٹرنگ بہت اہم ہے۔ انہوں نے ای واؤچر پروگرام کے آغاز پر پی پی آئی ایف اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد کے ساتھ اختتام کیا۔

پینل ڈسکشن: خاندانی منصوبہ بندی میں خلا کے کردار اور "پنجاب میں پی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والوں کے لیے فیملی پلاننگ ای واؤچر " کی مجموعی ترقی پر کیسے اثر انداز ہوتا ہے اس پر بحث کے لیے ایک پینل ڈسکشن کا انعقاد کیا گیا۔ محترمہ آمنہ اکشیڈ نے اس پینل ڈسکشن کو ماڈریٹ کیا جس میں مندرجہ ذیل مہمان شامل تھے: آبادی کے اہداف پر پی آئی ایس پی سے فائدہ اٹھانے والوں کے درمیان FP کی لاگت سے متعلق رکاوٹوں کو دور کرنے کے نکتہ اثرات پر روشنی ڈالنے کے لیے ڈاکٹر یاسمین قاضی کو پچوں کے حوالے کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کمل کی لاگت سے مکمل فی کس FP پر سب سے زیادہ خرچ ہوتا ہے جس میں 178 روپے فی کس ہیں جبکہ پنجاب میں سب سے کم 102 روپے ہے، دوسرے نمبر پر بلوچستان۔ 72 روپے اس نے خرچ کرنے اور توجہ مرکوز کرنے والے شعبوں کو دوبارہ ترجیح دینے میں کارکردگی کی اہمیت پر زور دیا۔

عزیز الرب، سی ای او جی ایس ایم کے ثکات کو جاری رکھتے ہوئے، ڈاکٹر شاہنہ نے فی خدمات فراہم کرنے والوں کی اہمیت کو تسلیم کیا اور بتایا کہ پی پی آئی ایف اسی مقصد کے لیے بنایا گیا تھا اور یہ ایف پی میں نجی شراکت داروں کو کامیابی کے ساتھ شامل کرنا۔ انہوں نے اعداد و شمار بتائے کہ مانع حمل ادویات پر درآمدی ڈیوٹی 42 فیصد ہے جبکہ ایف پی میں فرق کی وجہ سے زندگی کی شرح اموات 30 فیصد ہے اس لیے ایف پی کے لیے راہیں آسان کرنے کے لیے پالیسیاں بناتے وقت ان فیصلوں کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔

ڈاکٹر یاسمین نے بتایا کہ ای واؤچر پراجیکٹ روبے میں تبدیلی کے لیے ایک اہم ذریعہ بننے جا رہا ہے۔ PPIF کے مصوبے گزشتہ 2.5 سالوں میں CPR میں 20 فیصد اضافہ کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طویل مدتی نتائج کے لیے واؤچر کی پائیداری کو یقینی بنایا جائے۔ ورلڈ بینک سے مسٹر مناد بھارانی جو زون پر مینٹل میں شامل ہوئے تھے ان سے پوچھا گیا کہ عالمی بینک کی ڈاکٹر یاسمین نے بتایا کہ ای واؤچر پراجیکٹ روبے میں تبدیلی کے لیے ایک اہم ذریعہ بننے جا رہا ہے۔ PPIF کے مصوبے گزشتہ 2.5 سالوں میں CPR میں 20 فیصد اضافہ کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ مزید برآں، اس نے CPR اور FP منصوبوں کے پھیلنے کو بڑھانے اور فراہم کنندگان کی ادائیگی کو اہمیت دی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں مانع حمل ادویات کے چھوڑنے کی شرح، یعنی ایک ہونے والی بائی بہت زیادہ ہے۔ صحت پر مالی مضمرات کی اہمیت کا جواب دینے کے لیے ان خاندانوں اور جوڑوں تک پہنچنا ضروری ہے جن کی ضرورت زیادہ نہیں ہے۔ پروگرامز، ڈاکٹر شاہنہ حیدر، جو کہ ورلڈ بینک کا حصہ ہیں جس نے 20 سے زائد ممالک میں اس کی نمائندگی کی۔ بتایا کہ وہ صحت سے متعلق منصوبوں میں حکومت کے مالیاتی مشیر ہیں اور پورے پاکستان میں مالیاتی فیصلوں میں حکومت کی حمایت کرتے ہیں۔ لہذا، وہ حکومت کی طرف سے صحت کے منصوبوں کے مالی پہلو کو منیٹر کرتی ہیں۔ ان کا خیال تھا کہ آج ایف پی کا بجٹ پہلے سے بہتر ہے۔ اب عالمی بینک کی جانب سے 100 ملین ڈالر کا پراجیکٹ پی پی آئی ایف کے ساتھ ایف پی میں شروع کیا گیا ہے۔ اور اس میں ورلڈ بینک تکنیکی مدد فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ خاندانی منصوبہ بندی کے اخراجات ایک صوبے سے دوسرے صوبے میں مختلف ہوتے ہیں اور سندھ میں

مداخلت کس طرح بڑے پیمانے پر پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کی شمولیت کو متاثر کرتی ہے۔ مسٹر مناد بھارانی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان تمام FP سروسز کا مقصد TFR کو نیچے لانا ہے اور یہ ممکن ہو سکے گا اگر عوام کو کافی FP خدمات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ خاندان کے بڑے ہونے کی وجہ سے مانع حمل حمل کی شرح میں اضافے کے باوجود TFR کم نہیں ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 40 فیصد ایف پی سروسز پرائیویٹ سیکٹر کے ذریعے حاصل کی جا رہی ہیں اور رویے میں تبدیلی صرف پرائیویٹ سیکٹر کو شہر کے کی اختیار کی جا سکتی ہے۔ نجی فراہم کنندگان کی تعداد بڑھانا ایک اور مسئلہ ہے کیونکہ قوانین اور ضوابط نجی فراہم کنندگان کی ضروریات کے مطابق نہیں ہیں۔ لہٰذا ان تمام مسائل کو پورا کیا جائے اور موثر نتائج کو یقینی بنانے کے لیے ایف پی سروسز کے لیے سازگار ماحول بنایا جائے۔ محکمہ پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے نمائندے مسٹر کاشف بٹ نے منصوبہ بندی اور ترقی کے کردار پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا محکمہ پی پی آئی ایف اور ورلڈ بینک کی کوششوں کی مکمل حمایت کرتا ہے اور ہم اپنے مقصد پر کام کر رہے ہیں، رواں سال کا بجٹ پچھلے سال کے مقابلے بہتر ہے جو کہ خاندانی منصوبہ بندی اور مانع حمل ادویات تک رسائی کو فروغ دینے کے لیے ہماری شعوری کوششوں کے بارے میں کافی ہے۔ دیہی علاقے۔ انہوں نے خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں آئندہ مداخلت کے لیے اپنا تعاون فراہم کرنے کا وعدہ کرتے ہوئے اپنی گفتگو کا اختتام کیا۔

ڈاکٹر خلیل احمد، PD IRMNCH سے جدید مانع حمل کے استعمال اور زچگی پر دولت کو نکال کے فرق کے اثرات کے بارے میں پوچھا گیا کہ مکوتی صحت کے ڈھانچے میں، بنیادی صحت کے یونٹ دیہات میں لوگوں کے قریب ترین ہوتے ہیں لیکن وہ دستیاب کسی بھی قریبی آپشن پر جاتے ہیں۔ اس لیے انہوں نے پرائیویٹ سروس پروائیڈرز کا انتخاب کیا لیکن پرائیویٹ سروس پروائیڈرز کے پاس آبادی کی منصوبہ بندی کی وہ سہولتیں نہیں ہیں جو حکومت فراہم کرنے والوں کے پاس ہیں۔ اگرچہ PPIF نجی فراہم کنندگان کے ساتھ کام کر رہا ہے لیکن اسکیلک اپ اور بجٹ کا مسئلہ ہے۔ اس نے شیئر کیا کہ IRMNCH میں، ایسے پروگرام ہیں جو ماؤں کو رقم فراہم کر رہے ہیں لیکن یہ صرف ماں اور بچے کی صحت کی محفوظ ترسیل اور حفاظت کے لیے ہے، یہ خاندان کے سائز کو بڑھانے کے لیے کوئی ترغیب نہیں ہے۔ ای واؤچر ایک حقیقی سودا ہے جو لوگوں کو اپنے خاندان کے سائز کو کنٹرول کرنے اور خاندانی منصوبہ بندی پر توجہ مرکوز کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اگرچہ یہ فراہم کرنے والوں کو معمولی رقم دیتا ہے لیکن یہ خاندانی منصوبہ بندی میں ایک موثر کردار ادا کرنے جا رہا ہے۔

مظہر خلیل، چیف ایگزیکٹو آف ڈیولپمنٹ اسٹریٹجیز، نے پی پی آئی ایف کی اسٹریٹجک منصوبہ بندی پر اپنی بصیرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ ہم دونوں کو تحقیقی پہلو پر کام کرنا چاہیے، کیونکہ دنیا بھر سے شواہد پر مبنی بہت سے مطالعات خاندانی منصوبہ بندی کے فروغ سے منسلک کیے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر دیکھا گیا ہے کہ افراد جنہوں نے خاندانی منصوبہ بندی کے طریقے اپنائے ہیں ان کا خیال ہے کہ زیادہ عمل بچوں کی موت کا باعث بنتا ہے۔ لہذا، انہوں نے کمیونٹی کے طرز عمل کو متاثر کرنے کے لیے اسی طرح کے تحقیقی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈاکٹر سنا را D.G PWD-CEO PPIE نے پنجاب پاپولیشن گورنر پر ورلڈ بینک کے پروگرام کے تعاون پر روشنی ڈالتے ہوئے پینل ڈسکشن کا اختتام کیا اور بتایا کہ یہ کس طرح مجموعی طور پر خطے کے رجسٹریشن کی طرف لے جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ PPIF 2030 کے لیے آبادی کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے شاندار کام کر رہا ہے، جس کے پینل میں ورلڈ بینک کا ہونا پنجاب کے دور دراز علاقوں میں مانع حمل ادویات کی دستیابی اور خاندانی منصوبہ بندی پر سستی خدمات تک رسائی کو بڑھانے میں بھرپور مدد کرے گا۔ کنٹریکٹ پر دستخط کی تقریب۔ ڈی جی خان ڈویژن پینل ڈسکشن کے بعد ڈسٹرکٹ پارٹنرز کے ساتھ معاہدے پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی، ڈی جی خان ڈویژن کی 3 تنظیمیں: لیہ سے ویلڈز، مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازی خان سے پی آر ایس پی، اور راجن پور سے REEDS نے پی پی آئی ایف کے ساتھ معاہدوں پر دستخط کیے۔ پی آئی ایس پی کے مستفید ہونے والے پروگرام کے لیے فیملی پلاننگ ای واؤچر کا اضافہ ہے۔ تنظیم کے ضلعی نمائندے پی آر ایس پی ڈی جی خان اور مظفر گڑھ عابد سعید سی ای او ویلڈز لیہ بلال زمان اور پی پی ایم ریڈز راجن پور شاہد سلیم ای ڈی بھی تقریب کا حصہ تھے۔

بقیہ 1

پیش کلب نے انجمن تاجران کو بیلٹ بکس بھی فراہم کر دی ہے۔ اطلاعات کے مطابق انجمن تاجران کے صدر راجہ ذکریا نے الیکشن کمیشن کو الیکشن کے حوالے سے متعدد خطوط لکھے کہ انجمن تاجران کے انتخابات کے حوالے سے ہمارے ساتھ ناانصافی کی جا رہی ہے۔ انجمن تاجران کو بلیٹ بکس دیئے جائیں تاکہ ہم الیکشن کا عمل شروع کر سکیں۔ کے مرکزی انجمن تاجران کو بلیٹ بکس نہ دینے کی وجوہات کا پتہ نہیں چل سکا۔ الیکشن کمیشن کا یہ فیصلہ کئی افواہوں کو جنم دے رہا ہے۔ انجمن تاجران کے صدر راجہ ذکریا نے کہا کہ انجمن تاجران کے الیکشن کو ہر صورت میں ملتوی کیا گیا ہے۔

صدر جنرل سیکرٹری پشتو بار پریس گوجر خان کی زیر صدارت ہنگامی اجلاس

ممبر پریس کلب نصیر بھٹی کو مرکزی انجمن تاجران کے میڈیا ایڈوائزر کی جانب سے ہراساں کرنے صحافتی امور میں رکاوٹ پر انتظامیہ کی جانب سے لگائی گئی سیکیورٹی کے اعلان جبکہ اجلاس میں صحافی مختلف عناصر کے بارے میں بھی اہم فیصلے کیے گے

گوجر خان (قمر شہزاد) پشتو بار پریس کلب گوجر خان کا اجلاس ملک محمد وزیری صدارت میں منعقد ہوا سیکیورٹی کے فرائض راجہ اسد محمود نے سرانجام دیے، اجلاس میں کثیر تعداد روزنامہ اعلیٰ جناب کے میڈیا کوآرڈینیٹر محمد اللہ قیصر کے گوجر خان میں محکمہ مال کے ملازمین کے موسح پر ممبر پریس کلب نصیر بھٹی کی طرف سے مبداللہ قیصر کے گوجر خان میں تجاوزات کے حوالے سے سوالات کئے گئے جس پر وہاں موجود انجمن تاجران کے میڈیا ایڈوائزر شبیان مرزا دیگر کی طرف سے غیر ضروری مداخلت صحافی کو ہراساں کرنے اور سوال کرنے سے روکنے کے گئل شدید رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ ایک صحافی مختلف رویے کی شکایت پہلے سے موجود ہیں، حالانکہ پشپھار (بقیہ نمبر 1)

مرکزی انجمن تاجران وفد کی ڈی پی او جہلم سے ملاقات

ٹریفک کے ماحول کو بہتر بنانے میں تاجرانہ کردار ادا کریں، ناصر محمود باجوہ

جہلم (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ناصر محمود باجوہ نے کہا ہے کہ مرکزی جہلم میں جرائم کے خاتمے کیلئے تاجر ٹریفک کے ماحول کو بہتر بنانا میری ذمہ داری ہے جس میں تاجر اپنا کردار ادا کریں۔ تفصیلات کے مطابق مرکزی انجمن تاجران کے ایک وفد نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم ناصر محمود باجوہ سے ملاقات کی۔ اس اجلاس میں صدر (بقیہ نمبر 2)

صوبائی وزیر معدنیات پنجاب سردار شبیلی گورائج مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پولیس خدمت مرکز گوجر خان میں شہری خوار ہونے لگے

ڈرائیونگ لائسنس بنوانے والوں کو باہر دھوپ میں کھڑا کردیا جاتا ہے

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری اویس نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پولیس خدمت مرکز گوجر خان شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کی بجائے انہیں خوار کرنے کا ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کے لئے جانے والوں کو دفتر میں کھڑا ہونے کی بجائے دفتر سے باہر دھوپ میں کھڑے ہونے کا نادر شاہی فرمان جاری کر دیا انہوں نے کہا پولیس خدمت مرکز کے دفتر سے دفتر میں بیٹھے اہلکاروں کا ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کے لئے جانے والے شہریوں کے ساتھ ناروا سلوک معمول بن گیا ہے۔ یہی وطیرہ رکھ کر انے کے بعد لوگوں کو دفتر سے باہر جانے کا حکم صادر فرمایا جاتا ہے۔ کہ باہر کھڑے ہو کر اپنی باری کا انتظار کریں۔ جبکہ دفتر کے باہر کسی قسم کے سایہ کا بندوبست بھی نہیں ہے لوگ گھنٹوں کڑی دھوپ میں کھڑے ہو کر خوار ہوتے ہیں چوہدری اویس نے کہا کہ عوام کے ٹیکسوں سے تنخواہ لینے والے سرکاری ملازمین کی شہریوں کے ساتھ اس رویے کی پیشی مذمت کی جاتے ہے۔ انہوں نے اعلیٰ احکام سے اس صورتحال کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

کورنگی بلال کالونی میں فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق

کراچی (اے ایف پی) کورنگی بلال کالونی میں گھر کے باہر بیٹھے دو افراد کو ملزمان نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ مقتولین کی شناخت محمد علی اور امتیاز کے نام سے ہوئی، موٹر سائیکل سوار ملزمان نے فائرنگ کی اور فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق مقتولین بلال کالونی کے ہی رہائشی ہیں، جبکہ لاشوں کو ضروری کارروائی کے لئے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ملزمان نے مقتولین سے کوئی بھی چیز نہیں چھینی، واقعہ بظاہر ذاتی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوا ہے، تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ دوسری (بقیہ نمبر 3)

شیخ جعفر خان مند وخیل نے گورنر بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا

کوئٹہ (اے ایف پی) شیخ جعفر خان مندوخیل نے گورنر بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ گورنر بلوچستان کی تقریب حلف برداری گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقد ہوئی جہاں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس ہاشم خان کاکڑ نے ہارون بلور کے ساتھ نادر اسلوک معمول بن گیا ہے۔ یہی وطیرہ رکھ کر انے کے بعد لوگوں کو دفتر سے باہر وزیر اعلیٰ سردار ثنا بلوچ شریک ہوئے جبکہ تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، سیاسی شخصیات اور حکام نے بھی شرکت کی۔ شیخ جعفر خان مندوخیل بلوچستان کے 24 ویں گورنر بن گئے ہیں۔ دوسری جانب ہارون بلور سردار سلیم حیدر کل حلف اٹھائیں گے، چیف جسٹس اور ہوم سیکرٹری نے حلف لیں گے۔ واضح رہے کہ جناب، میر یعقوب خان اور بلوچستان کے گورنر کی تبدیلی کا فیصلہ وزیر اعظم (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: سعودی معاون وزیر سرمایہ کاری، ابراہیم المبارک سعودی عرب۔ پاکستان سرمایہ کاری فورم 2024 میں تقریر کر رہے ہیں

اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، وزیر اطلاعات و نشریات عطاء تارڑ اور وزیر پیٹرولیم صدیق مسعود ملک سعودی عرب پاکستان انویسٹمنٹ فورم 2024 کے حوالے سے میڈیا سے خطاب کر رہے ہیں

2700 ارب کے ٹیکس کیسز دہائیوں سے التوا کا شکار

ملک کی مختلف عدالتوں میں ان لینڈ ریونیو کے 2400 ارب، کسٹمز کے اڑھائی سو ارب روپے سے زائد کے کیسز التوا کا شکار ہیں

سپریم کورٹ سمیت دیگر ہائیکورٹس اور اپیلیٹ ٹریبونلز میں ٹیکس کیسز تقریباً 2 دہائیوں سے التوا کا شکار ہیں، ذرائع

کراچی (این این آئی) ایف بی آر کے مختلف عدالتوں میں تقریباً 2700 ارب روپے کے ٹیکس کیسز دہائیوں سے التوا کا شکار ہیں۔ ایف بی آر ان لینڈ ریونیو اور کسٹمز کے مجموعی طور پر 90 ہزار ٹیکس کیسز التوا کا شکار (بقیہ نمبر 5)

جان بچانے والی 100 سے زائد دواؤں کی قلت پیدا ہوگئی

دوا ساز ادارے کتنے مہینے یا سال نقصان کے باوجود دوائیں خود تیار کریں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان میں ڈاٹر کی بیوجی ٹیموں نے دوا ساز کمپنیوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا۔ ادریب قوانین سے دل برداشتہ ہو کر متعدد کمپنیاں نے دوائیاں بنانا بند کر دیں، جان بچانے والی دوائیں 100 سے زائد ادویات کی قلت پیدا ہو گئی۔ پاکستان فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن (پی پی ایم اے کے چیئرمین میاں خالد مصباح نے کہا کہ (بقیہ نمبر 6)

جدہ جانیوالے 6 مسافروں سے بڑی تعداد میں سگریٹ برآمد

جدہ جانیوالے مسافر کے ہمنوا شیا سوار کے 1ز10 پیکٹس بھی برآمد کرلئے، کسٹم حکام

کراچی (این این آئی) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جدہ جانیوالے 6 مسافروں سے بڑی تعداد میں سگریٹ کے پیکٹس برآمد کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں کسٹمز نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے سگریٹ سمیت ممنوعہ اشیا کی اسمگلنگ ناکام بنا دی۔ کسٹمز حکام کا کہنا تھا کہ جدہ جانیوالے 6 مسافروں سے بڑی تعداد میں سگریٹ پیکٹس برآمد کر لیے۔ حکام نے کہا کہ دوران تلاشی مجموعی طور پر 8 ہزار سے زائد سگریٹ پیکٹس برآمد کئے گئے، پکڑے گئے سگریٹ کی لاگت لاکھوں روپے بتائی جاتی ہے۔

3 ملزمان سے اسلحہ وایمونیشن اور پٹاخے برآمد، مقدمات درج

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضے سے اسلحہ وایمونیشن اور پٹاخے برآمد کر کے مقدمات درج

گجرات، تھانے میں توڑ پھوڑ کرنے پر خواجہ سراؤں کے خلاف مقدمہ درج

گجرات (اے ایف پی) گجرات میں پولیس کے مبینہ تشدد پر گجرات میں خواجہ سراں کی جانب سے تھانے میں توڑ پھوڑ کرنے پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے میں ملوث تین خواجہ سراؤں اور ان کے ایک ساتھی کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایف آئی آر میں خواجہ سرا نینی، بلی اور حرا سجاد سمیت مرکزی ملزمان نامزد ہیں۔ خواجہ سراؤں کے خلاف پولیس ملازمین کو اغوا، تشدد اور توڑ پھوڑ کے الزام کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ واضح رہے (بقیہ نمبر 7)

اسٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان، انڈیکس 634 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (اے ایف پی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے پہلے روز تیزی کا رجحان ہے، ابتدائی ٹریڈنگ کے دوران پیج مارک کے ایس ای 100۔ انڈیکس 634 پوائنٹس بڑھ گیا۔ جبکہ کے پی ایس ایس ویب سائٹ کے مطابق پیج تقریباً پیج کے 46 منٹ پر کے ایس ای 100۔ انڈیکس 634 پوائنٹس یا 0.88 فیصد اضافے کے بعد 72 ہزار 536 پر پہنچ گیا، جو گزشتہ روز (بقیہ نمبر 8)

فوری ضرورت
Daily Awami Lalkaar
عوامی للکار
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

اسلام آباد: وزیر مملکت برائے آئی ٹی اور ٹیلیکمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ "پاکستان میں نوجوان کاروباری سرگرمیوں کی رپاسٹ" رپورٹ کی لانچ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

ڈکیتی کرنے والا ملزم ڈاکو سر غنہ زخمی حالت میں گرفتار

پانچ ساتھی بھی گرفتار اور چار ڈاکو فرار ، تفتیش جاری

کندہ کوٹ رپورٹ (علی نواز) شعور کندہ کوٹ میں ڈکیتی کے دوران پولیس کے ساتھ مقابلہ کندہ کوٹ کے دوران زخمی ہونے والا ملزم ڈاکو سر غنہ زخمی حالت میں گرفتار اور ساتھی پانچ ملزمان بھی گرفتار۔ پی پی سیکشن کندہ کوٹ تھانے کی حدود پنجان بک کے قریب، ڈاکو پولیس مقابلہ کندہ کوٹ کے دوران زخمی ہونے والا ملزم ڈاکو سر غنہ زخمی حالت میں گرفتار اور ساتھی ڈاکوؤں سے مقابلہ ہوا۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو زخمی (بقیہ نمبر 10)

کندھ کوٹ پولیس کی کارروائی ، دو مغوی بازیاب

مغویوں کو باحفاظت اپنے ورثاء کے حوالے کردیا گیا، کشمور پولیس کامیابی مل گئی دو مغوی بازیاب تفصیلات کے مطابق مورخہ 03/05/2024 کو تھانہ گڈو کی حدود سے ایک ڈرک ڈرائیور اور کلینر اغوا ہوئے تھے ۔ آج کشمور پولیس (بقیہ نمبر 11)

سپریم کورٹ کے 3 رکنی شیخ پر وفاقی حکومت کا اعتراض مسترد

اسی کو ابتدائی سماعت ہے، اگر اسکیں قابل سماعت قرار پائیں تو کوئی بھی شیخ بن گے گا

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ کے تین رکنی شیخ پر اعتراض مسترد کر دیا، جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ اسی کو ابتدائی سماعت ہے، اگر اسکیں قابل سماعت قرار پائیں تو کوئی بھی شیخ بن گے گا، اس شیخ پر تو دو رکنی بنچ بھی سماعت کر سکتا ہے۔ چیئرمین سپریم کورٹ میں سنی اتحاد کونسل کو خصوصی نشستیں نہ ملنے کے کیس کی سماعت ہوئی۔ سنی اتحاد کونسل کی خصوصی نشستوں کے لیے دائر اپیل پر سماعت جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں جسٹس عرفان سعادت کے بروقت ازالے کو ممکن بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کام کے دوران حادثات روکنا ہمارے کی بنیادی وجہ ایمان سناف کا حقائق اور احتیاطی ضوابط پر عمل نہ کرنا ہے جو کہ بیشتر اوقات انسانی جان و مال کے نقصان کا باعث بنتا ہے انھوں نے ہدایات جاری کیں کہ سوشیو (بقیہ نمبر 9)

گرودھا پولیس نے بیوی اور نوجوان کے دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب جرم اشتہاری کو گرفتار کرلیا

گرودھا (این این آئی) گرودھا پولیس نے بیوی اور نوجوان کے دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب جرم اشتہاری کو گرفتار کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈی پی او اسد اقبال ملکی کی ہدایت پر مجرمان اشتہاری کے خلاف جاری مہم میں قائد مسلے پولیس نے بیوی اور نوجوان ساجد کے دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب جرم اشتہاری اشرف کو گرفتار کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔

کراچی میں پولیس کا جرائم پیشہ افراد کے خلاف کومبنگ آپریشن

کراچی (اے ایف پی) کورنگی پولیس کی جانب سے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف سرچ کومبنگ آپریشن جاری ہے۔ ایس ایس پی کورنگی کا کہنا ہے کہ آپریشن جرائم پیشہ افراد کی موجودگی کی اطلاع پر سرچ آپریشن ڈی ایس پی سعود آباد کی زیر نگرانی کیا جا رہا ہے۔ ایس ایس پی کورنگی سرور حسین کے مطابق سرچ آپریشن ڈی ایس پی سعود آباد کی زیر نگرانی کیا جا رہا ہے۔ ایس ایس پی کورنگی سرور حسین کے مطابق متعلقین اپنی کالیں بند کر کے گھر جا رہے ہیں، گھات لگائے ملزمان نے موٹر سائیکل سے دو مسافروں کو قتل کر دیا اور کیا رہا ایک ملزم کا باپ قتل ہوا ہے، حلاف ڈیٹیکٹ ذریعے مشتبہ افراد کا ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے جبکہ خواتین پولیس کے عملے کے ہمراہ گھروں کی خاتی بھی کی جا رہی ہے۔

سیلور کمپنیاں عوام کو مکمل سہولت دیے بغیر لوٹنے میں مصروف

کمپنیاں صارفین کو سروسز فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام

پنڈی دادنخان (سرفراز عباس سے) پنڈی دادنخان تحصیل میں سوباہی سیلور کمپنیاں کی ناقص سروس سے عین الاوامی یونیورسٹیوں سے ان لائن تعلیم حاصل کرنے والے تنظیموں طالب علم تعلیم سے محروم چار لاکھ بچاس ہزار ابادی بینکنگ اور تجارتی اداروں سمیت نیٹ سے زائد کے کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم ہو گئے ہیں۔ ذرائع ایف آئی آر نے انکشاف کیا ہے کہ ملک کی مختلف عدالتوں میں ان لینڈ ریونیو کے 2400 ارب، کسٹمز کے اڑھائی سو ارب روپے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان رپورٹ "پاکستان میں نوجوانوں کے کاروباری ماحول کی حالت" کے اجراء کے موقع پر تقریر سے خطاب کر رہے ہیں

دفاعی وزیر اعظم حسین نقوی اور وفاقی وزیر دفاع اور ہوابازی خواجہ محمد آصف سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے دورہ کر رہے ہیں

حیدر آباد: ایم نائن موٹروے پر ٹریفک حادثے میں 4 افراد جاں

مسافر وین کراچی سے حیدر آباد آرہی تھی کہ ٹرالر سے تصادم ہوا، حکام

حیدر آباد (این این آئی) حیدر آباد کے قناد یولاخان کے قریب ایم نائن موٹروے پر ٹریفک حادثے میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ حکام کے مطابق مسافر وین کراچی سے حیدر آباد آرہی تھی کہ تیز رفتاری کی وجہ سے ٹرالر سے تصادم ہوا۔ زخمیوں کو گس اسپتال حیدر آباد منتقل کیا گیا۔ زخمیوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں، جن میں سے 3 زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ پولیس، ریسکیو اور متاثی افراد نے موقع (بقیہ نمبر 5)

سوشل میڈیا پر شہری کو برہنہ کر کے تشدد کی ویڈیو وائرل کرنے کا معاملہ

ایس پی پشپھار ناصر فراز کی زیر نگرانی میں خصوصی ٹیم نے 3 ملزمان کو چند گھنٹوں میں گرفتار کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) سوشل میڈیا پر ٹیکسلا کے علاقے میں شہری کو برہنہ کر کے تشدد کی ویڈیو وائرل کرنے کا معاملہ، ایس پی پشپھار ناصر فراز کی زیر نگرانی میں خصوصی ٹیم نے 3 ملزمان کو چند گھنٹوں میں گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق